DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 26.04.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | پشین سی ٹی ڈی کی کارروائی 9 دہشت گرد ہلاک کاروائی قیام امن کے لیے اہم پیشرفت ہے، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | حکومت بلوچستان جدید زراعی اقدامات کے فروخت کے لیے پرعزم ہے، علی حسن زہری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | سماجی اور سیاسی کمیٹی کا قیام پائیدار امن کے لیے اہم اقدام ہے، شعیب نوشیروانی۔ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | تکمیل کے قریب منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے، سلیم کھوسہ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | این ایس سی کے فیصلے دوراندیشی کا مظہر ہیں، مینا مجید بلوچ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | ریاستی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، نورمحمد دمڑ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | عوام کی خدمت ہماراویژن ہے نیا بجٹ عوام دوست ہوگا، فیصل جمالی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | بلوچستان میں حفاظتی ٹیکوں کی شرح محض 37.7 فیصد ہے، بخت محمد کاکڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | محکمہ خزانہ میں بین الاقوامی جامعات سے فارغ التحصیل ماہرین تعینات۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ترقی کی راہ پر گامزن ہے، سیدال خان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کا غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف مربوط آپریشن کا فیصلہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | 30 ہزار بلوچ نوجوان ہنرمند بنا کر بیرون ملک روزگار کے لیے بھجوانے کے منصوبے کا آغاز۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | بلوچستان حکومت کی جانب سے فلی فنڈ ڈ سکالرشپ سکیم کا آغاز۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | بیلہ پولیس اندھے قتل اور ڈکیتی کے ملزمان کا سراغ لگانے میں کامیاب۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | کوہلو تین روز میں خسرہ سے خاتون سمیت 3 بچے جاں بحق۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | کوئٹہ اور گوادر میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کاروائیاں بیکنگ یونٹ سیل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچستان میں آج سے 30 اپریل تک ہیٹ ویو کا الرٹ جاری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | سائرہ عطا سے نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس کے وفد کی ملاقات۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | بارڈر بندش سے ہزاروں افراد بے روزگار ہوں گے، ڈاکٹر عبدالمالک۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 20 | ملکی خودمختاری اور دفاع وطن پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا کریں گے، جمیعت۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 21 | افغان کڈوال عوام کی زبردستی بے دخلی بند کی جائے پشتون خواہ میپ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 22 | مرکزی انجمن تاجران نے اج کی ہڑتال کی حمایت کردی۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن و امان:

کلی ابراہیم زی میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، پٹ فیڈر کینال کی بھل صفائی کا کام کرنے والی ہیوی مشینری پر فائرنگ، اوستہ محمد بے موٹر سائیکل چھین لی گئی مزاحمت کرنے پر مالک زخمی، کوئٹہ منشیات فروشوں میں فائرنگ کا تبادلہ دو افراد ہلاک۔

## مسائل :

پشتون آباد کی سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار سیوریج نظام درہم برہم۔

مورخہ 26.04.2025

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**اداریہ:**

روزنامہ قدرت روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "بلوچستان کو بہتر بنانے کا وقت آگیا ہے کوئی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "کوئٹہ کا ادبی منظرنامہ علامہ اقبال صوبائی ایوارڈز کی تقریب " کے عنوان سے شیخ فرید نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 | ہفتہ 27 شوال المکرم 1446ھ 26 اپریل 2025ء | نمبر 114

# پشین، سی ٹی ڈی کی کارروائی 9 دہشتگرد ہلاک

## کارروائی قیام امن کیلئے اہم پیش رفت ہے، وزیراعلیٰ

کارروائی خفیہ اطلاع پر کی گئی، بھاری تعداد میں اسلحہ، ایک خودکش جیکٹ برآمد، دہشتگرد فورسز پر حملوں، سنگین وارداتوں میں ملوث تھے

**سی ٹی ڈی نے انتہائی کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ایک بڑے خطرے کو ناکام بنایا، پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سی ٹی ڈی نے پشین میں دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنا دیا ختائی بابا میں ٹارگٹڈ آپریشن فائرنگ کے تبادلے میں کالعدم تنظیم کے نو دہشت گرد ہلاک بھاری تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود، ایک خودکش جیکٹ، دستی بم قبضے میں لے لئے مارے جانے والے دہشت گرد پولیس، لیویز اور سیکورٹی فورسز پر حملوں سمیت سنگین واقعات میں ملوث تھے۔ سی ٹی ڈی ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ کالعدم تنظیم کے دہشت گردوں نے پشین اور ملحقہ علاقوں میں دہشت گردی کا منصوبہ بنایا ہے اور اس مقصد کے لئے دہشت گرد پشین کے علاقے ختائی بابا میں موجود ہیں جس پر سی ٹی ڈی نے سیکورٹی فورسز کے ہمراہ ختائی بابا کے علاقے میں ٹارگٹڈ آپریشن کیا سیکورٹی فورسز کو دیکھتے ہی دہشت گردوں نے شدید فائرنگ کر دی اور دستی بم بھی استعمال کیے، تاہم سیکورٹی فورسز نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوابی کارروائی کی فائرنگ کا تبادلہ ایک گھنٹے تک جاری رہا سیکورٹی فورسز کی فائرنگ سے کالعدم تنظیم کے نو دہشت گرد مارے گئے اور ان کے ٹھکانے سے بھاری تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود، خودکش جیکٹ، دستی بم اور دستاویزات قبضے میں لے کر لاشیں ہسپتال منتقل کر دی گئیں۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خانی بابا ضلع پشین میں انسداد دہشت گردی فورس کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے فورس کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بروقت حکمت عملی کو سراہا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ کالعدم تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے سی ٹی ڈی نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر انتہائی کامیاب آپریشن کر کے ایک بڑے خطرے کو موثر انداز میں ناکام بنایا، جس پر پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی، بدامنی اور انتشار پھیلانے والے عناصر کے خلاف ریاستی ادارے پوری قوت کے ساتھ سرگرم عمل ہیں اور ایسی تمام کارروائیوں میں عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح دی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے برآمد ہونے والا بھاری اسلحہ اور خودکش جیکٹ ان کے مذموم عزائم کا ثبوت ہے، لیکن بروقت کارروائی سے ایک بڑا سانحہ ٹال دیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے سی ٹی ڈی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن وسائل فراہم کرتی رہے گی تاکہ بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنایا جا سکے۔

CamScanner

Bullet No. 1 Page No. 2

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 ہفتہ 27 شوال 1446ھ 26 اپریل 2025ء، صفحات 08 شمارہ 298

رجسٹرڈ BC-m-1 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 30 روپے

# بلوچستان امن کا گہوارہ بنے گا، ریاست دہشتگردوں کیخلاف پوری قوت سے سرگرم عمل ہے، وزیر اعلیٰ

**میر سرفراز بگٹی کا خانئی بابا ضلع پشین میں انسداد دہشت گردی فورس کی ملک دشمنوں کیخلاف کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار**

**کالعدم تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے**

**ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے برآمد ہونے والا بھاری اسلحہ اور خودکش جیکٹ ان کے مذموم عزائم کا ثبوت ہے ایکس پر بیان**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خانی بابا ضلع پشین میں انسداد دہشت گردی فورس کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے فورس کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بروقت حکمت عملی کو سراہا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر)..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ کالعدم تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے سی ٹی ڈی نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر انتہائی کامیاب آپریشن کر کے ایک بڑے خطرے کو مؤثر انداز میں ناکام بنایا، جس پر پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی، بدامنی اور انتشار پھیلانے والے عناصر کے خلاف ریاستی ادارے پوری قوت کے ساتھ سرگرم عمل ہیں اور ایسی تمام کارروائیوں میں عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے برآمد ہونے والا بھاری اسلحہ اور خودکش جیکٹ ان کے مذموم عزائم کا ثبوت ہے، لیکن بروقت کارروائی سے ایک بڑا سانحہ ٹال دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے سی ٹی ڈی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن وسائل فراہم کرتی رہے گی تاکہ بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنایا جا سکے۔

## شہداء کے بچوں کے لیے فلی فنڈڈ اسکالرشپ اسکیم کا آغاز

**تمام سول شہداء کے بچوں کو نرسری سے ماسٹرز تک معیاری اور مفت تعلیم فراہم کی جائے گی**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن کے تحت بلوچستان حکومت نے شہداء کے بچوں کے لیے فلی فنڈڈ اسکالرشپ اسکیم کا آغاز کر دیا ہے۔ یہ اسکیم .......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) کے زیر انتظام جاری ہے، جس کا مقصد ان خاندانوں تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ہے جنہوں نے ملکی سلامتی کے لیے قربانیاں دی ہیں

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 133 | ہفتہ، 27 شوال، 26 اپریل 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# خانی بابا کامیاب کارروائی صوبے میں قیام امن کیلئے اہم پیشرفت، وزیراعلیٰ

## سی ٹی ڈی نے پشین میں خفیہ معلومات پر انتہائی کامیاب آپریشن کر کے ایک بڑے خطرے کو موثر طور پر ناکام بنا دیا

## حکومت قانون نافذ کرنیوالے اداروں کو ہر ممکن وسائل فراہم کرتی رہے گی، صوبہ امن کا گہوارہ بنے گا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خانی بابا ضلع پشین میں انسداد دہشت گردی فورس کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے فورس کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بروقت حکمت عملی کو سراہا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ کالعدم تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے لیے ایک اہم پیش رفت (باقی صفحہ 5 نمبر 21)


(باقی صفحہ 5 نمبر 21)


ہے سی ٹی ڈی نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر انتہائی کامیاب آپریشن کر کے ایک بڑے خطرے کو موثر انداز میں ناکام بنایا، جس پر پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی، بدامنی اور انتشار پھیلانے والے عناصر کے خلاف ریاستی ادارے پوری قوت کے ساتھ سرگرم عمل ہیں اور ایسی تمام کارروائیوں میں عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے برآمد ہونے والا بھاری اسلحہ اور خودکش جیکٹ ان کے مذموم عزائم کا ثبوت ہے، لیکن بروقت کارروائی سے ایک بڑا سانحہ ٹال دیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے سی ٹی ڈی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن وسائل فراہم کرتی رہے گی تاکہ بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنایا جا سکے۔

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3

حب بلوچستان

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز جمعۃ المبارک 25 اپریل 2025ء بمطابق 26 شوال 1446ھ | شمارہ نمبر 113

# محکمہ زکوٰۃ کی تنظیم نو کا اعلان، کوئی ملازم بیروزگار نہیں ہوگا

میر سرفراز بگٹی

## دستیاب افرادی قوت کو موثر انداز میں یوٹیلائز کیا جائیگا، چیف سیکریٹری کی سربراہی میں جامع پلان مرتب کیا جائے

## ایسا نظام چاہتے ہیں جس کے تحت زکواۃ کی رقم اسٹیٹ بینک سے جاری ہوکر مستحق افراد کے اکاؤنٹ میں منتقل ہوجائے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت محکمہ زکوٰۃ کی تنظیم نو اور اصلاحات سے متعلق اعلیٰ سطح اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں مستحقین تک مالی امداد شفاف اور بروقت انداز میں پہنچانے کے لئے موثر میکنزم پر غور کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کی سربراہی میں ایک جامع پلان مرتب بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر

کیا جائے گا جس میں محکمہ زکوٰۃ کی تنظیم نو، اصلاحات اور مؤثر حکمت عملی کے خدوخال شامل ہوں گے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ اصلاحاتی عمل کے دوران محکمہ زکوٰۃ کے کسی بھی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائے گا، البتہ دستیاب افرادی قوت کو مؤثر انداز میں یوٹیلائز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسا نظام چاہتے ہیں جس کے تحت زکوٰۃ کی رقم براہ راست اسٹیٹ بینک سے جاری ہوکر مستحق فرد کے ذاتی اکاؤنٹ میں منتقل ہوجائے تاکہ کرپشن، کمیشن اور دفتری رکاوٹوں سے پاک ایک شفاف نظام قائم ہو وزیراعلیٰ نے زکوٰۃ کی فراہمی میں تاخیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سالوں سے مستحق افراد زکوٰۃ سے محروم ہیں جو کہ انتہائی تشویشناک امر ہے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ پیچیدہ دفتری عمل کے بجائے ایک سمارٹ اور ڈیجیٹل نظام کے ذریعے فوری اور براہ راست امداد یقینی بنائی جائے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایک ماہ کے اندر اندر جامع سفارشات مرتب کرکے منظوری کے لیے پیش کی جائیں گی اس موقع پر وزیراعلیٰ نے محکمہ زکوٰۃ کی ڈیجیٹلائزیشن پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں زکوٰۃ تقسیم کے عمل میں شفافیت لانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری مذہبی امور، زکوٰۃ و اوقاف محترمہ شہناز صادق عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر بابر خان، سیکرٹری زکوٰۃ و مذہبی امور محمد اسحاق جمالی اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

# بھارت کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا، میر سرفراز بگٹی

## بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کا اعلان غیر ذمہ دارانہ عمل ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں کئے گئے اہم اور بروقت فیصلوں کو ملکی سلامتی و خودمختاری کے تحفظ کی جانب ایک فیصلہ کن اقدام قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس) سابق ٹوئٹر (پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن، استحکام اور علاقائی تعاون کو ترجیح دی ہے مگر بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان ایک انتہائی اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ عمل ہے، جسے پوری پاکستانی قوم مسترد کرتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ اگر بھارت نے آبی جارحیت کے تحت پاکستان کا پانی روکنے یا رخ موڑنے کی کوشش کی تو اس سے دوطرفہ کشیدگی میں مزید تناؤ آئے گا اور یہ اقدام براہِ راست اعلانِ جنگ تصور کیا جائے گا اور اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے قومی سلامتی کمیٹی کے اس دوٹوک موقف کو سراہا کہ پاکستان کسی بھی قیمت پر اپنی قومی خودمختاری اور عوام کے بنیادی حقوق پر سمجھوتہ نہیں کرے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی فضائی حدود اور واہگہ بارڈر کی بندش، بھارت کے ساتھ ہر قسم کی تیسرے ملک کے ذریعے ہونے والی تجارت کی مکمل معطلی، اور بھارتی ہائی کمیشن کے عملے میں کمی جیسے فیصلے ناگزیر ہو چکے تھے یہ اقدامات بھارت کی مسلسل جارحانہ پالیسیوں کے خلاف پاکستان کی خودارانہ پالیسی کی عکاسی کرتے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان



Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

Bullet No. 1 Page No. 5

جلد نمبر-24 | ہفتہ 26 اپریل 2025ء بمطابق 27 شوال 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-113


# وزیراعلیٰ بلوچستان کا پشین میں سی ٹی ڈی کی کامیاب کارروائی پر اظہار اطمینان

## کالعدم تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خانی بابا ضلع پشین میں انسداد دہشت گردی فورس کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے فورس کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بروقت حکمت عملی کو سراہا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے (بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 2 پر)

پیغام میں انہوں نے کہا کہ کالعدم تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے سی ٹی ڈی نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر انتہائی کامیاب آپریشن کر کے ایک بڑے خطرے کو مؤثر انداز میں ناکام بنایا، جس پر پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی، بدامنی اور انتشار پھیلانے والے عناصر کے خلاف ریاستی ادارے پوری قوت کے ساتھ سرگرم عمل ہیں اور ایسی تمام کارروائیوں میں عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح دی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے برآمد ہونے والا بھاری اسلحہ اور خودکش جیکٹ ان کے مذموم عزائم کا ثبوت ہے، لیکن بروقت کارروائی سے ایک بڑا سانحہ ٹال دیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے سی ٹی ڈی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن وسائل فراہم کرتی رہے گی تاکہ بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنایا جاسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی اکرام اللہ خان
جلد 29 ہفتہ 26 اپریل 2025ء بمطابق 27 شوال 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ 113

# دہشتگردوں کیخلاف کارروائی بلوچستان میں امن کیلئے اہم پیش رفت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## سی ٹی ڈی نے انتہائی کامیاب آپریشن کر کے ایک بڑے خطے کو موثر انداز میں ناکام بنادیا جس پر پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے

## دہشتگردی بدامنی اور انتشار پھیلانے والے عناصر کیخلاف ریاستی ادارے پوری طرح سرگرم عمل ہیں، میر سرفراز بگٹی کا ایکس پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خانی بابا ضلع پشین میں انسداد دہشت گردی فورس کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے فورس کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بروقت حکمت عملی کو سراہا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ کالعدم تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے سی ٹی ڈی نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر انتہائی کامیاب آپریشن کر کے ایک بڑے خطرے کو مؤثر انداز میں ناکام بنایا، جس پر پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہیوزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی، بدامنی اور انتشار پھیلانے والے عناصر کے خلاف ریاستی ادارے پوری قوت کے ساتھ سرگرم عمل ہیں اور ایسی تمام کارروائیوں میں عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح دی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے برآمد ہونے والا بھاری اسلحہ اور خودکش جیکٹ ان کے مذموم عزائم کا ثبوت ہے، لیکن بروقت کارروائی سے ایک بڑا سانحہ ٹال دیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے سی ٹی ڈی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن وسائل فراہم کرتی رہے گی تاکہ بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنایا جاسکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 28 | FaX:2839867 Ph :2839851 | قیمت 10روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 69

ہفتہ 26اپریل 2025ء | 27شوال | 1446ھ | رجسٹرڈ ڈی سی بی-10

# دہشتگردی وانتشار پھیلانے والے عناصر کیخلاف ریاستی ادارے پوری قوت کیساتھ سرگرم عمل ہیں

سرفراز بگٹی

## پشین میں کالعدم تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے

## ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے برآمد ہونے والا بھاری اسلحہ اور خودکش جیکٹ ان کے مذموم عزائم کا ثبوت ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خانی بابا ضلع پشین میں انسداد دہشت گردی فورس کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے فورس کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بروقت حکمت عملی کو سراہا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ کالعدم تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے سی ٹی ڈی نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر انتہائی کامیاب آپریشن کر کے ایک بڑے خطرے کو مؤثر انداز میں ناکام بنایا، جس پر پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہیوزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی، بدامنی اور انتشار پھیلانے والے عناصر کے خلاف ریاستی ادارے پوری قوت کے ساتھ سرگرم عمل ہیں اور ایسی تمام کارروائیوں میں عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے برآمد ہونے والا بھاری اسلحہ اور خودکش جیکٹ ان کے مذموم عزائم کا ثبوت ہے، لیکن بروقت کارروائی سے ایک بڑا سانحہ ٹال دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے سی ٹی ڈی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن وسائل فراہم کرتی رہے گی تا کہ بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنایا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

...e No. 8

روزنامہ میزان کوئٹہ
بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمن
چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | ہفتہ 26 اپریل 2025ء 27 شوال المکرم 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 234

وزیراعلیٰ بلوچستان کا خانی بابا ضلع پشین میں انسداد دہشت گردی فورس کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار، فورس کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بروقت حکمت عملی کو سراہا

# دہشتگردی کیخلاف ریاستی ادارے پوری قوت کیساتھ سرگرم عمل ہیں، میر سرفراز بگٹی

کالعدم تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے سی ٹی ڈی نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر انتہائی کامیاب آپریشن کر کے ایک بڑے خطرے کو موثر انداز میں ناکام بنایا، ایکس (سابق ٹوئٹر) پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خانی بابا ضلع پشین میں انسداد دہشت گردی فورس کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے فورس کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بروقت حکمت (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

عملی کو سراہا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ کالعدم تنظیم سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی بلوچستان میں امن وامان کے قیام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے سی ٹی ڈی نے خفیہ معلومات کی بنیاد

پر انتہائی کامیاب آپریشن کر کے ایک بڑے خطرے کو موثر انداز میں ناکام بنایا، جس پر پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی، بدامنی اور انتشار پھیلانے والے عناصر کے خلاف ریاستی ادارے پوری قوت کے ساتھ سرگرم عمل ہیں اور ایسی تمام کارروائیوں میں عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے برآمد ہونے والا بھاری اسلحہ اور خودکش جیکٹ ان کے مذموم عزائم کا ثبوت ہے، لیکن بروقت کارروائی سے ایک بڑا سانحہ ٹال دیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے سی ٹی ڈی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن وسائل فراہم کرتی رہے گی تاکہ بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنایا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

# Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1080 QUETTA Saturday April 26, 2025 /Shawwal 27, 1446

## CM hails CTD operation against terrorists

Staff Report

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has expressed satisfaction over the successful operation of the Counter Terrorism Force in Khani Baba, Pishin district and has appreciated the force's professionalism, determination and timely strategy. In a message on social networking site X (formerly Twitter), he said that this operation against terrorists affiliated with the banned organization is an important step towards establishing law and order in Balochistan. CTD conducted a very successful operation based on intelligence information and effectively thwarted a major threat, for which the entire team deserves congratulations. The Chief Minister said that state institutions are working with full force against elements spreading terrorism, unrest and chaos and the safety of the public is being given top priority in all such operations. He said that the heavy weapons and suicide jackets recovered from the possession of the slain terrorists.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 26 APR 2025

Page No. 16


## سماجی و سیاسی کمیٹی کا قیام پائیدار امن کیلئے اہم اقدام ہے، شعیب نوشیروانی

**چیلنجز کے تناظر میں قومی یکجہتی اور اداروں کی ہم آہنگی ناگزیر ہے، قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلوں کا خیر مقدم**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت سماجی و سیاسی کمیٹی کا اجلاس ہوا اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی اجلاس میں نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کے سماجی پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر اپیکس کمیٹی کے منظور شدہ نکات کا جامع جائزہ لیا گیا اور اہم امور زیر غور لائے گئے اجلاس کے دوران پیغاک کے قیام، جے آر سی اور جے سی پی کے قیام، لاپتہ افراد کا مسئلہ حوالہ کے امور، بلوچستان انٹیگریٹڈ سیکیورٹی آرکیٹیکچر، غیر قانونی افغان شہریوں کی میپنگ و مستقبل کا لائحہ عمل اور پاک افغان سرحد پر منقسم دیہات کا مسئلہ شامل تھا اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ سماجی و سیاسی کمیٹی کا قیام بلوچستان میں پائیدار امن، استحکام اور سماجی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے ایک اہم اقدام ہے جو مقامی سطح پر حکومتی اقدامات کو موثر اور مربوط بنانے میں مددگار ثابت ہوگا علاوہ ازیں بی آئی ایس اے کے 28 نکات، جن میں تخریب کاری سے متعلق تمام امور شامل ہیں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا تاکہ ایک جامع موثر اور ہمہ جہتی پالیسی تشکیل دی جا سکے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کمیٹی ہر ماہ باقاعدگی سے اجلاس منعقد کرے گی تاکہ طے شدہ اقدامات پر عملدرآمد کے تسلسل کو یقینی بنایا جا سکے۔

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلوں پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملکی سلامتی، خودمختاری اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے کمیٹی کے فیصلے انتہائی اہم اور بروقت ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ چیلنجز کے تناظر میں قومی یکجہتی اور اداروں کے مابین ہم آہنگی ناگزیر ہے حکومت بلوچستان قومی سلامتی کے ہر فیصلے میں وفاق کے ساتھ کھڑی ہے اور صوبے کے عوام ملک کی سلامتی و استحکام کے لیے قربانی دینے کو تیار ہیں۔

## حکومت بلوچستان جدید زرعی اقدامات کے فروغ کیلئے پرعزم، علی حسن

**ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے صوبے میں کپاس کی سیڈ انڈسٹری کا ہونا اہمیت کا حامل ہے، خطاب**

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری نے وفاقی وزرات فوڈ اینڈ ریسرچ کی جانب سے منعقد ہونے والی چوبیسویں فیڈرل کمیٹی برائے ایگریکلچر میں شرکت کی جسکی صدارت وفاقی وزیر برائے فوڈ اینڈ ریسرچ نا ب رانا تنویر نے کی۔ علی حسن زہری نے کہا کہ بلوچستان کو بیج، کھاد اور پانی جیسے ضروری زرعی، وسائل بروقت اور مناسب مقدار میں فراہم کئے جائیں، بلوچستان میں بیج سے متعلق بہت سے مسائل ہیں لہٰذا میں وفاق سے گزارش کرتا ہوں کہ بلوچستان کو سیڈ کارپوریشن بنانے میں مدد کرے، بلوچستان میں جتنے بھی نیشنل پروگرام تھے چاہے وہ چاول، گندم، آئل سیڈ شوگر کین، واٹر مینجمنٹ کے ہوں وہ سارے بند ہو چکے ہیں، لہٰذا ان پروگرام کی بحالی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں کھاد کا کوٹہ کم ہونے کے ساتھ مختلف ضلعوں میں ڈیلرشپ بھی موجود نہیں لہٰذا اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کھاد کا کوٹہ صوبے کے رقبے کے لحاظ سے مختص کیا جائے اور ہر ضلع میں کھاد کی ڈیلرشپ کی اجازت ہو۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دیگر صوبوں کی نسبت کپاس کی پیداوار بہت بہتر ہے اور جرمینیشن پرسنٹیج 95 فیصد تک ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ بلوچستان میں کپاس کے بیج کی پیداوار بڑھانے اور ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کے لئے بلوچستان میں کپاس کی سیڈ انڈسٹری کا ہونا اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان جدید زرعی اقدامات کے فروغ کے لئے پر عزم ہے جن میں شہید بینظیر بھٹو زرعی انقلاب، کسان کارڈ اور موسمیاتی لحاظ سے ہم آہنگ زراعت شامل ہے میں وفاقی کمیٹی سے رہنمائی، تعاون اور مکمل حمایت کی درخواست کرتا ہوں تاکہ بلوچستان کی زرعی صلاحیتوں کو قومی تحفظ کے لئے بروئے کار لایا جا سکے۔

## تکمیل کے قریب منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے، سلیم کھوسہ

**بجٹ میں ہر ضلع اپنے لیے آفس، ریسٹ ہاؤس اور کچھ روڈ سائیڈ منصوبے رکھے، اجلاس میں ہدایات**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ کی زیر صدارت مالی سال 2025-26 کے حوالے سے روڈ سیکٹر میں نئے منصوبوں پر اجلاس ہوا جس میں سیکرٹری مواصلات لعل جان جعفر، چیف انجینئرز، ضلعی انجینئرز، محکمہ مواصلات و تعمیرات کے دیگر اعلیٰ حکام شریک ہوئے اجلاس کو تمام اضلاع میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور آئندہ مالی سال کے لیے منصوبوں پر بریفنگ دی گئی صوبائی وزیر نے تمام انجینئرز کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ آئندہ مالی سال میں ہر ضلع اپنے لیے آفس، ریسٹ ہاؤس اور محکمہ کے لیے کچھ روڈ سائیڈ کے منصوبے رکھے اور تکمیل کے قریب منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے کہا کہ ذمہ دار افسران آئندہ مالی سال میں صحت اور تعلیم کے شعبوں کے منصوبوں میں مزید جدت لائیں اور انہیں جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کریں انہوں نے ریونیو کے حوالے سے تمام انجینئرز کو ہدایت دیں کہ ایسے منصوبوں پر عمل درآمد کریں کہ جس سے محکمہ کو ریونیو ملے اور سرکار کو اس کا فائدہ ہو۔

## ریاستی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، نور محمد دمڑ

**بھارت کی انتہا پسندانہ سوچ عیاں ہو چکی، بیان، مارگٹ دھماکے کی مذمت**

ہرنائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ قومی سلامتی کمیٹی کے فیصلے قومی وقار، سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے مطابق ہے بھارتی الزامات کا مقصد پاکستان کی دہشت گردی کے خلاف جاری سنجیدہ کوششوں کو سبوتاژ کرنا ہے مگر پاکستان نے بردباری، حکمت اور قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے واضح پیغام دیا ہے کہ ریاستی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنا صرف بھارت کی انتہا پسندانہ سوچ کو عیاں کرتا ہے دریں اثناء صوبائی وزیر نے مارگٹ میں بارودی سرنگ دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی فورسز پر حملہ کرنے والے دہشت گردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچائیں گے بے گناہ انسانوں کے خون بہانے والوں کو زمین پر جگہ نہیں ملے گی دہشت گردوں کا مکمل صفایا کیا جائے سیکورٹی فورسز پر حملہ ریاست پر حملہ ہے جو ناقابل برداشت ہے۔

## این ایس سی کے فیصلے دوراندیشی کا مظہر ہیں، مینا مجید بلوچ

**بھارتی الزام تراشی کا مقصد مقبوضہ کشمیر سے عالمی توجہ ہٹانا ہے، صوبائی مشیر**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے قومی سلامتی کمیٹی کے حالیہ فیصلوں کو سراہتے ہوئے انہیں قومی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کی جانب اہم اقدام قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ این ایس سی نے علاقائی اور بین الاقوامی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے جو فیصلے کیے وہ بالغ نظری، سنجیدگی اور دوراندیشی کا مظہر ہیں بھارتی الزام تراشی کا مقصد خطے میں امن کو تباہ اور عالمی توجہ مقبوضہ کشمیر میں ہونے والی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں سے ہٹانا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

1

Bullet No.

Dated: 26 APR 2025 Page No. 11


## بلوچستان میں حفاظتی ٹیکوں کی شرح محض 37.7 فیصد ہے، بخت محمد کاکڑ

### پرائمری سطح پر مضبوط ڈھانچے سے صحت کا نظام بہتر ہوسکتا ہے صوبائی وزیر کا خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ پرائمری سطح پر مضبوط ڈھانچہ قائم کرنے سے صحت کا نظام بہتر ہوسکتا ہے حفاظتی ٹیکہ جات، ماں و بچے کی نگہداشت، غذائیت اور پانی و صفائی جیسے شعبوں میں مربوط اقدامات ہماری ترجیح ہونی چاہیے صوبے میں 1400 ویکسینیٹرز کی موجودگی ناکافی ہے ویکسینیٹرز کی شدید کمی کے باعث دور دراز علاقوں میں خدمات کا فقدان ہے اس چیلنج سے نمٹنے کے لئے حکومت ایل ایچ ویز، ایل ایچ ڈبلیوز اور ایف ایم ٹیز کو تربیت دے کر ٹاسک شفٹنگ پر کام کررہی ہے تاکہ کمیونٹی کو فوری اور موثر خدمات میسر آسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ صحت بلوچستان کے زیر اہتمام یونیسف کے تعاون سے بلوچستان میں پرائمری ہیلتھ کیئر نظام کو مضبوط اور موثر بنانے کے لئے توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات ایک روزہ "بلوچستان پرائمری ہیلتھ کیئر سمپوزیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اسپیشل سیکرٹری صحت شہک بلوچ، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ ڈاکٹر امین خان مندوخیل، سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر عبداللہ خان، پی پی ایچ آئی کے سی ای او حمید اللہ نصر، پروشل کوآرڈینیٹر ای پی آئی ڈاکٹر کمالان گچکی، ڈپٹی پی سی ای پی آئی ڈاکٹر ظفر اقبال خوستی سمیت اعلیٰ سرکاری حکام، ماہرین صحت، ڈونرز، بین الاقوامی اداروں، سول سوسائٹی اور صحت کے فرنٹ لائن ورکرز نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ موجودہ ڈیٹا سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بلوچستان میں حفاظتی ٹیکوں کی شرح محض 37.7 فیصد ہے جبکہ پنجاب میں 88 فیصد تک پہنچ چکی ہے انہوں نے کمیونٹی انگیجمنٹ، والدین کی تعلیم اور سماج اور لوگوں کے رویوں میں تبدیلی کے فروغ پر زور دیا تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہو سکے 67 ارب روپے محکمہ صحت پر خرچ کر رہے ہیں اسپیشل سیکرٹری صحت شہک بلوچ نے اس بات پر زور دیا کہ ماں و بچے کی شرح اموات، حفاظتی ٹیکوں کی کم شرح اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی جیسے مسائل کو حل کرنے کے لئے ایک مربوط، کمیونٹی پر مبنی پرائمری ہیلتھ کیئر نظام ضروری ہے ڈاکٹر کمالان گچکی اور ڈپٹی پی سی ای پی آئی ڈاکٹر ظفر اقبال خوستی نے کہا کہ ای پی آئی بلوچستان کی ٹیم دن رات محنت کر رہی ہے تاکہ حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج میں بہتری لائی جا سکے ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ ڈاکٹر امین خان مندوخیل، سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر عبداللہ خان اور پی پی ایچ آئی کے سی ای او حمید اللہ نصر نے بھی نظام کی بہتری کے لئے اپنی آراء پیش کیں۔ ڈبلیو ایچ او اور یونیسیف کے نمائندگان نے ہیومن سینٹرڈ ڈیزائن اور کمیونٹی کی شراکت داری کو پالیسیوں کا حصہ بنانے پر زور دیا شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان میں ایک مضبوط پرائمری ہیلتھ کیئر نظام نہ صرف موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کا ذریعہ ہوگا بلکہ مستقبل کی نسلوں کے لئے ایک محفوظ، صحت مند راستہ فراہم کریگا۔


MASHRIQ QUETTA


## عوام کی خدمت ہمارا ویژن ہے، نیا بجٹ عوام دوست ہوگا، فیصل جمالی

### عوام کو صحت تعلیم پینے کے صاف پانی اور سڑکوں کی تعمیر کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں

### شہید ذوالفقار علی بھٹو شہید رانی بے نظیر بھٹو کے مشن کو پایا تکمیل تک پہنچا کر دم لیں گے، صوبائی وزیر لائیو سٹاک

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ عوام کی بے لوث خدمت ہمارا ویژن ہے نیا بجٹ عوام دوست بجٹ ہوگا بلوچستان کی عوام کو صحت تعلیم پینے کے صاف پانی اور سڑکوں کی تعمیر کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جارہے ہیں شہید ذوالفقار علی بھٹو شہید رانی بے نظیر بھٹو کی مشن کو پایا تکمیل تک پہنچا کر دم لیں گے ان خیالات کا اظہار سردار زادہ فیصل خان جمالی نے نمائندہ مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہیدوں کی پارٹی ہے جمہوریت کی بحالی کے لیے پیپلز پارٹی نے لازوال قربانیاں دی ہیں پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کو ریلیف مہیا کرنے اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان خوشحال و ترقی یافتہ بلوچستان کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور کسی کا آلہ کار بننے سے انکار کریں کیونکہ بلوچستان کے نوجوان بلوچستان کے مستقبل ہیں ان سے بلوچستان کی غیور عوام کی امیدیں وابستہ ہیں سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ عام انتخابات میں حلقہ انتخاب کی عوام سے کیے گئے تمام وعدے پورے کیے جائیں گے اوستا محمد و تحصیل گنداخہ میں خطیر رقم جاری کر کے ترقیاتی کاموں کا آغاز کر دیا ہے عوام کی فلاح و بہبود سمیت نہری نظام کی ری ماڈلنگ اور بھل صفائی کہ تعمیراتی کاموں پر کام تیز رفتاری کے ساتھ جاری ہے انہوں نے کہا کہ نئے بجٹ میں عوام کے وسیع تر مفادات میں اجتماعی اسکیمات کو ترجیح دی گئی ہے جس سے عوام مستفید ہوں گے اور حلقہ انتخاب ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ ترقیاتی اسکیمات کی معیار میں کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 APR 2025 Page No. 12


## بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال، ترقی کی راہ پر گامزن ہے، سیدال خان

وفاقی حکومت صوبے میں سرمایہ کاری، تعلیم و تجارت کے فروغ کیلئے موثر اقدامات اٹھا رہی ہے' ڈپٹی چیئرمین سینٹ

بلوچستان کی ترقی سے پاکستان کی خوشحالی' وفاقی ادارے صوبے کیساتھ مکمل تعاون جاری رکھیں گے' دورہ کوئٹہ کے موقع پر وفود سے گفتگو

کوئٹہ / اسلام آباد (یو این اے) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے اپنے حالیہ دورہ کوئٹہ کے دوران قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی رہنماؤں اور طلباء، نمائندوں سے اہم ملاقاتیں کیں، جن میں بلوچستان کے سماجی و معاشی مسائل، تعلیمی چیلنجز اور ترقیاتی امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال جس میں ترقی کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے انہوں ......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

نے کہا کہ وفاقی حکومت صوبے میں سرمایہ کاری، تعلیم اور تجارت کے فروغ کیلئے موثر اقدامات اٹھا رہی ہے تا کہ عوام کو باوقار روزگار کے مواقع اور معاشی خودمختاری حاصل ہوسکیں انہوں نے ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کو توانائی، معدنیات، سیاحت، زراعت اور تعلیم کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ سیدال خان نے نوجوانوں اور طلبہ کی فلاح و بہبود کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان میں جدید تعلیمی ادارے، اسکالرشپس اور ہنر سکھانے کے مراکز کے قیام پر بھرپور توجہ دے رہی ہے۔ ملاقات کے دوران قبائلی عمائدین اور سیاسی نمائندوں نے ڈپٹی چیئرمین کو اپنے مسائل اور تجاویز سے آگاہ کیا، جنہیں انہوں نے توجہ سے سنا اور ان کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ ان مسائل کو سینیٹ میں موثر انداز میں اٹھایا جائے گا۔

## محکمہ خزانہ میں بین الاقوامی جامعات سے فارغ التحصیل ماہرین تعینات

اس اقدام کا مقصد بجٹ سازی میں شفافیت، مالی نظم و نسق کو مضبوط بنانا ہے' سیکرٹری خزانہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ خزانہ میں اصلاحات کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے، جس کے تحت ادارے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے اہم اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں ایک اور تاریخی قدم کے طور پر ماہرین معیشت اور مالیاتی ماہرین کو مکمل طور پر میرٹ کی بنیاد پر تعینات کیا گیا ہے کل آٹھ اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد، جن میں پی ایچ ڈی اکنامکس اور فنانس کے حامل اور بین الاقوامی جامعات سے فارغ التحصیل ماہرین شامل ہیں، کو محکمہ خزانہ میں شامل کیا گیا ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

ہے۔ اس اقدام کا مقصد بجٹ سازی میں شفافیت، مالی نظم و نسق کو مضبوط بنانا اور ایک جدید اور عالمی معیار کے مطابق نظم و نسق متعارف کرانا ہے سیکرٹری خزانہ عمران زرکون کی قیادت میں محکمہ خزانہ کو مکمل طور پر میرٹ، شفافیت اور عالمی طرز عمل کے مطابق ایک فعال اور ترقی پسند ادارے میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔

## ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کا غیر قانونی افغان باشندوں کیخلاف مربوط آپریشن کا فیصلہ

ڈی سی کوئٹہ کی سب ڈویژنز کے اسسٹنٹ کمشنرز کو اپنے علاقوں میں کارروائیوں کی ہدایت

انخلاء کی کارروائیوں کے دوران تمام متعلقہ ادارے مکمل تعاون کریں گے' لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت کوئٹہ میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے انخلاء کے حوالے سے ایک اہم اجلاس......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

منعقد ہوا۔ اجلاس میں شہر میں مقیم غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف ایک جامع اور مربوط آپریشن کے آغاز کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں ایس ایس پی زوہیب محسن، اسسٹنٹ کمشنر سٹی، اسسٹنٹ کمشنر صدر، اسسٹنٹ کمشنر کچلاک، اسسٹنٹ کمشنر سریاب اور ایس پی صدر شوکت مہمند سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران غیر قانونی افغان مہاجرین کی نشاندہی، انخلاء کے طریقہ کار اور اس حوالے سے حکمت عملی پر تفصیلی غور و خوص کیا گیا ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے تمام سب ڈویژنز کے اسسٹنٹ کمشنرز کو اپنے علاقوں میں فوری طور پر کارروائیوں کا آغاز کرنے کی ہدایات جاری' ڈپٹی کمشنر سعد بن اسد نے کہا کہ غیر قانونی افغان مہاجرین کے انخلاء کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

JANG QUETTA

## 30 ہزار بلوچ نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر بیرون ملک روزگار کیلئے بھجوانے کے منصوبے کا آغاز

وزیر اعلیٰ بلوچستان یوتھ سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت 5 افراد کا گروپ سعودیہ پہنچ گیا، 21 اتوار کو روانہ ہونگے

راولپنڈی (حافظ وسیم اختر) بلوچستان کے 30 ہزار نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر بیرون ملک روزگار کے لئے بھجوانے کے منصوبے کا آغاز کر دیا گیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان یوتھ سکل ڈویلپمنٹ پروگرام برائے بیرون ملک روزگار کے تحت تعلیم فاؤنڈیشن پاکستان اور ہزا انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی اسلام آباد HAZZA کے زیر اہتمام ٹیکنیکل ٹریننگ حاصل کرنے والے 5 تربیت یافتہ بلوچ نوجوانوں کی پہلی کھیپ سعودی عرب پہنچ گئی ہے جب کہ مزید 21 افراد اگلے تین روز میں سعودی عرب اور قطر بھیجا جائے گا اور 96 لوگوں کے ویزوں کا پراسس جاری ہے جو کہ مئی میں بیرون ملک روانہ ہو جائیں گے، حکومتِ بلوچستان کے اس منصوبے کی افادیت کو دیکھتے ہوئے مرکز اور پنجاب کی حکومتوں نے بھی افرادی قوت بیرون ملک بھجوانے کے ایسے منصوبوں کا اعلان کر دیا، تعلیم فاؤنڈیشن پاکستان کے سربراہ ریٹائرڈ بیورکریٹ ڈاکٹر ظفر قادر نے جنگ کو بتایا کہ بلوچستان میں احساس محرومی ختم کرنے کے لئے سی ایم بلوچستان سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت بلوچستان کے 30 ہزار نوجوانوں کو ٹیکنیکل ٹریننگ دے کر بیرون ملک ملازمتوں کے لئے بھجوایا جا رہا ہے، اس پروگرام کو بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (BTEVTA) لیڈ کر رہی ہے، یہ پروگرام بلوچستان کے 30 ہزار نوجوانوں کی زندگیوں کو بدلنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا جو ایک اہم اقدام ہے اس سلسلے میں تعلیم فاؤنڈیشن اور ہزا انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی بین الاقوامی جاب مارکیٹ کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے عالمی معیار کی پیشہ ورانہ اور تکنیکی تربیت فراہم کر رہی ہیں، بلوچستان کے 30 ہزار ہنرمند کارکنوں کو بیرون ملک بھجوانے کے ٹارگٹ کو حاصل کرنے کے لئے ابتدائی طور پر ہمیں بلوچستان سے 975 نوجوانوں کو ٹیکنیکل ٹریننگ دے کر بیرون ملک روزگار کے لئے بھجوانے کا پابند بنایا گیا ہے جس کے لئے بیرون ملک ملازمت کے لیے پاکستان میں ایسے تربیت یافتہ افراد کی پہلی کھیپ تیار کرنے میں کامیاب رہی ہے اور مذکورہ تربیت یافتہ بلوچ نوجوانوں میں سے 5 کو سعودی عرب بھجوا دیا گیا ہے، جب کہ ان شاء اللہ مئی میں مزید 21 افراد سعودیہ اور قطر بھجوائے جائیں گے جنہوں نے تربیت مکمل کر لی ہے اب ان کی روانگی کے لئے اوورسیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن آف پاکستان سفری دستاویزات کی تیاری کر رہی ہے مزید یہ کہ ہر ماہ 70 سے 80 ہنرمند افراد کو باہر بھجوایا جائے گا، یہ پروگرام بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے امید کی کرن ثابت ہوگا، ڈاکٹر ظفر القادر کے مطابق تعلیم فاؤنڈیشن پاکستان کو 1989 میں قائم کیا گیا جو بلوچستان کے قبائلی اضلاع میں تعلیمی ناخواندگی کو دور کرنے کے مشن پر عمل پیرا ہے، تعلیم فاؤنڈیشن پاکستان بلوچستان کے سات اضلاع میں آٹھ گرامر سکولوں کے نیٹ ورک کو چلا رہی ہے، مقامی سرکاری ملازمین کے تعاون سے، یہ سکول پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کے تحت کام کر رہے ہیں، ان سکولوں میں مخلوط تعلیم کی شکل میں خواتین فیکلٹی کو ملازمتیں اور لڑکیوں کو تعلیم کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا گیا ہے، تعلیم فاؤنڈیشن پاکستان بلوچستان کے علاوہ پنجاب میں ایجوکیشن ٹیکنالوجی سلوشن کے ذریعے خانیوال میں 40 سرکاری سکولوں اور ضلع مظفر گڑھ کے 10 سرکاری سکولوں کی مدد کر رہی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان حکومت کی جانب سے فلی فنڈڈ اسکالرشپ اسکیم کا آغاز

اسکیم بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے زیر اہتمام جاری ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن کے تحت بلوچستان حکومت نے شہداء کے بچوں کے لیے فلی فنڈڈ اسکالرشپ اسکیم کا آغاز کر دیا ہے۔ یہ اسکیم بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) کے زیر انتظام جاری ہے، جس کا مقصد ان خاندانوں کو تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ہے جنہوں نے ملکی سلامتی کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ سال 2024ء میں 325 طلباء (201 طلبہ اور 124 طالبات) کو 30.53 ملین روپے کی مالی معاونت فراہم کی جا چکی ہے۔ اس اسکیم سے وہ طلباء مستفید ہو سکتے ہیں جن کے والدین کو محکمہ داخلہ و قبائلی امور یا مجاز ادارے کی جانب سے "شہید" قرار دیا بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر

گیا ہو۔ اس پروگرام کے تحت بلوچستان کے تمام سول شہداء کے بچوں کو نرسری سے ماسٹرز تک معیاری اور مفت تعلیم فراہم کی جائے گی۔ یہ نہ صرف شہداء کی خدمات کا اعتراف ہے بلکہ اُن کے خاندانوں کے لیے تعلیمی خودمختاری اور روشن مستقبل کی راہ ہموار کرنے کا ایک عملی قدم بھی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 26 APR 2025 Page No. 13


## کوہلو3 روز میں خسرہ سے خاتون سمیت 3 بچے جاں بحق

**گرسنی اور نیلی میں ویکسی نیشن مہم کا آغاز وبا کی روک تھام کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، ڈاکٹر شیر زمان**

کوہلو (نامہ نگار) کوہلو کے مختلف علاقوں گرسنی اور نیلی میں تین روز میں خسرہ کی وبا سے خاتون اور تین بچے جاں بحق ہو گئے۔ ڈی ایچ او کوہلو ڈاکٹر شیر زمان مری کے مطابق خسرہ کی شدت کو دیکھتے ہوئے محکمہ صحت کی ٹیمیں سب تحصیل گرسنی میں پہنچ چکی ہیں اور ڈپٹی ڈی ایچ او کی سربراہی میں ویکسینیشن مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ نیلی میں بھی محکمہ صحت کی ٹیمیں سرگرم ہیں اور وہاں بھی خسرہ سے بچاؤ کی ویکسین دی جارہی ہے۔ ڈاکٹر شیر زمان نے بتایا کہ خسرہ کی روک تھام کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں تاکہ مزید جانی نقصان سے بچا جا سکے۔

## بیلہ: پولیس اندھے قتل اور ڈکیتی کے ملزمان کا سراغ لگانے میں کامیاب

**جھاؤ کے رہائشی حسین عمرانی کو گرفتار کر کے مقتول کا فون، گروک کے علاقے سے چھینی گئی گاڑی برآمد کر لی**

بیلہ (نامہ نگار) لسبیلہ پولیس محمد صالح المعروف نانا کے اندھے قتل اور ڈکیتی کا سراغ لگانے میں کامیاب ہو گئی، قتل میں ملوث ایک ملزم حسین عمرانی سکنہ جھاؤ ضلع آواران کو گرفتار کر کے مقتول کا موبائل فون بھی برآمد کر لیا جبکہ گرفتار ملزم کے انکشاف اور مخبر خاص کی اطلاع پر تحصیل نال کے علاقے گروک میں ایک چھاپہ مار کارروائی کے دوران مقتول سے چھینی گئی گاڑی برآمد کر لی گئی تاہم واردات میں ملوث دیگر ملزمان پہاڑی علاقے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے یاد رہے کہ محمد صالح عرف نانا کو نامعلوم ملزمان گزشتہ ماہ 12 مارچ کو بیلہ کے علاقے کاٹھور میں قتل کر کے اس کا موبائل فون اور کار ساتھ لے گئے تھے۔ مقتول حب کے علاقے میں ٹیکسی ڈرائیور تھا

## کوئٹہ و گوادر میں فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں، بیکنگ یونٹ سیل

**20 سے زائد مراکز کو جرمانہ، ملاوٹ شدہ دودھ کی بڑی مقدار تلف، زائد المیعاد اشیاء برآمد**

کوئٹہ (خ ن) مضر صحت و ملاوٹی اشیاء خورد و نوش کے تدارک کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں جاری ہیں، اس سلسلے میں اتھارٹی کی انسپکشن ٹیموں نے کوئٹہ اور گوادر میں کارروائیاں کرتے ہوئے ایک بیکنگ یونٹ سیل جبکہ 20 سے زائد مراکز پر جرمانے عائد کر دیئے۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق نواں کلی میں قائم سیل کردہ بیکنگ یونٹ میں صفائی ستھرائی اور اشیاء اسٹوریج کا نظام انتہائی خراب و غیر صحت بخش، پیکنگ میں اخبار کا استعمال، یونٹ میں مکھیوں کی بھرمار جبکہ حتمی اشیاء بغیر ایکسپائری تواریخ کی پائی گئیں۔ علاوہ ازیں عوام کو فروخت کئے جانے والے دودھ کی کوالٹی چیک کرنے کیلئے چشمہ اچوزئی، اے ون سٹی اور ارباب ٹاؤن میں اتھارٹی کی ملک سیفٹی ٹیمیں متحرک رہیں، جہاں دودھ میں ملاوٹ کرنے پر 8 دودھ فروشوں کے خلاف ایکشن لیا گیا۔ کارروائی کے دوران ملاوٹی و غیر صحت بخش دودھ کی بڑی مقدار تلف کی گئی۔ قبل ازیں موقع پر ٹیسٹ کردہ آٹھ دکانوں کے دودھ میں پانی اور خشک پاؤڈر کی ملاوٹ کا انکشاف ہوا۔ مزید براں کوئٹہ کے دیگر علاقوں اور گوادر میں جرمانہ کردہ مراکز میں پکوان ہاؤس، جنرل و ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، بیکرز، ریسٹورنٹس، اچار شاپس اور فاسٹ فوڈ کارنرز شامل تھے۔ اتھارٹی حکام نے متعدد جنرل اسٹورز و ڈیپارٹمنٹل اسٹورز اور ایک یوٹیلیٹی اسٹور سے زائد المیعاد خوردنی مصنوعات کی بڑی مقدار ضبط کی۔

## پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائینگے، ڈی سی کوئٹہ

**موذی مرض سے بچوں کو محفوظ بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کا ریویو اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کے زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ایوننگ ریویو اجلاس ہوا۔ جس میں ڈی ایس او ڈبلیو ایچ او، ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر، یونیسف کے نمائندہ، لائن ڈیپارٹمنٹس کے افسران اور یو سی ایم اوز نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے ...یاری کوششوں پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ایک قومی مسئلہ ہے اور اس موذی مرض سے اپنے بچوں کو محفوظ بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ اداروں اور اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ اپنی کوششوں کو مزید تیز کریں اور ویکسی نیشن مہم کو موثر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس میں موجود تمام شرکاء کو سختی سے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پولیو مہم کے دوران کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے فیلڈ میں کام کرنے والی ٹیموں کی باقاعدگی سے نگرانی کرنے اور ویکسی نیشن کے اہداف کو ہر صورت میں حاصل کرنے کی تاکید کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام محکمے ایک دوسرے کے ساتھ مکمل تعاون اور رابطہ رکھیں تاکہ پولیو کے خلاف اس جنگ کو کامیابی سے ہمکنار کیا جا سکے۔ اجلاس میں ڈی ایس او ڈبلیو ایچ او اور یونیسف کے نمائندے نے پولیو کی موجودہ صورتحال، ویکسینیشن مہم کی پیش رفت اور درپیش چیلنجز کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ان کی تجاویز اور مسائل کو غور سے سنا اور ان کے حل کے لیے فوری اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلعی انتظامیہ پولیو کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ کو حائل نہیں ہونے دے گی۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ پولیو ویکسی نیشن مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے بچوں کو اس خطرناک بیماری سے محفوظ بنائیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 APR 2025

Page No. 16

# ڈسٹرکٹ کونسل کیچ یوسیز کا بجٹ منظور، عبدوئی بارڈر کھولنے کی قرارداد منظور

## تلار چیک پوسٹ کو فوری ہٹانے، ڈی سی کی جانب سے یوسی چیئرمینوں کے خلاف اینٹی کرپشن کو لکھے گئے مراسلے کے خلاف بھی قرارداد منظور کرلی گئی

### ڈسٹرکٹ کونسل کیچ کے اہم اجلاس کی صدارت ڈپٹی چیئرمین باہڈ جمیل دشتی نے کی، مزید 4 میونسپل کمیٹیوں کے قیام کے حوالے سے بھی قرارداد منظور

تربت (نمائندہ انتخاب) ڈسٹرکٹ کونسل کیچ کا اہم اجلاس، اجلاس میں 72 یونین کونسلوں کے بجٹ کی منظوری، تلار کوسٹ گارڈز چیک پوسٹ، ڈی سی کی جانب سے یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کے خلاف اینٹی کرپشن کو لکھے گئے مراسلہ، عبدوئی بارڈر کھولنے اور مزید 4 میونسپل کمیٹیوں کے قیام کے حوالے سے قراردادیں منظور، ڈسٹرکٹ کونسل کیچ کا اجلاس جمعہ کے روز ڈسٹرکٹ کونسل کیچ کے ڈپٹی چیئرمین / اسپیکر میر باہڈ جمیل دشتی کی صدارت میں منعقد ہوا، اجلاس میں 72 یونین کونسلوں کے بجٹ کی منظوری دی گئی، اجلاس اجلاس میں مختلف قراردادیں پیش کی گئیں جنہیں اتفاق رائے سے منظور کیا گیا، پہلی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر

قرارداد میں کہا گیا کہ حال ہی میں سوشل میڈیا پر ہمارے چیئرمین صاحبان کی کردار کشی ہوئی ہے جو کہ نا قابل برداشت عمل ہے ان کی روک تھام کیلئے ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمین صاحبان کی ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دی جائے تاکہ آئندہ اس طرح کے مسائل کو عوام یا کسی شہری یا کوئی بھی ادارہ ہو وہ کمیٹی کو مسئلہ کے متعلق آگاہ کرے اور کمیٹی اس مسئلے کے حل کیلئے متعلقہ چیئرمین اور اس درخواست گزار سے ملاقات کرکے مسئلہ کو دیکھ کر انصاف کے تقاضے میں ڈسٹرکٹ کونسل کیچ کے اسپیکر صاحب اور چیئرمین صاحب کو رپورٹ کرے، ان تمام مسائل کے حل کیلئے موجودہ وقت کے تقاضے میں یہ بات ضروری سمجھتے ہیں کہ ڈسٹرکٹ کونسل کیچ ایک مضبوط، بااختیار ذیلی کمیٹی تشکیل دے تاکہ ڈسٹرکٹ کونسل کیچ کے عوام اور اس ہاؤس کے تمام ممبران کے خدشات دور ہوں، ڈی سی کیچ نے گزشتہ دنوں اینٹی کرپشن کو لیٹر لکھا ہے کہ چیئرمین یونین کونسلوں کے خلاف خورد برد کی تحقیقات کی جائے، ہم ڈی سی کے اس عمل کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہیں اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اور چیف سیکرٹری بلوچستان اس کی تحقیقات کریں، ایک اور قرارداد عبدوئی بارڈر کی بندش پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ ہم ایک ایسے خطے یا علاقے میں رہتے ہیں جو روزگار کے لحاظ سے انتہائی پسماندہ ہے علاقے میں نہ کوئی صنعت یا فیکٹری ہے یہاں چاروں طرف بے روزگاری کے سیاہ بادل چھائے ہوئے ہیں ایک ہلکی سی روشنی کی کرن تھی اور وہ روشنی ایرانی بارڈر کا کاروبار تھا، اسی تجارت سے اہل مکران کے چولہے جلتے تھے ہمارے لوگ ایران سے خوردنی اشیاء سمیت وہاں سے پٹرول اور ڈیزل بھی لاتے تھے جس سے ہمارے لوگوں کی ساری تجارت عبدوئی، کیکپار اور جاگی سے ہوتی تھی، مگر عبدوئی بند ہے، جاگی اور کیکپار بند ہیں اور ہمارے لوگ ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھے بے روزگاری کے بھیانک پنجوں میں جکڑے ہوئے ہیں، ہمارے لوگوں کی بے روزگاری کو مد نظر رکھ کر عبدوئی، کیکپار اور جاگی کو کھولنے کیلئے اپنی آخری طاقت تک استعمال کریں، اس کے علاوہ تلار کوسٹ گارڈ چیک پوسٹ پر لوگوں کو بلا جواز طور پر تنگ کیا جارہا ہے، جہاں چیکنگ اور شناخت کے نام پر معزز شہریوں کی تذلیل کی جارہی ہے، تلار کوسٹ گارڈ کی حدود میں نہیں آتا مگر یہاں پر کوسٹ گارڈ نے چیک پوسٹ قائم کرکے لوگوں کو تنگ کیا جارہا ہے اس چیک پوسٹ کو فوری طور پر ہٹایا جائے، ایک اور قرارداد میں کھڈان دشت، گوکدان، بل نگور اور ناصر آباد میں میونسپل کمیٹیوں کے قیام کا مطالبہ کیا ہے، گوکدان میونسپل کمیٹی میں یونین کونسل گوکدان، یونین کونسل بہمن، یونین کونسل بہمن نوکباد اور یونین کونسل تنزگ کو شامل کیا جائے، میونسپل کمیٹی کھڈان میں یونین کونسل کھڈان، یونین کونسل کنچتی، یونین کونسل کوبک کو شامل کیا جائے، ایک اور قرارداد میں کہا گیا کہ ڈسٹرکٹ کونسل کیچ میں ایک پلازہ تعمیر کے آخری مراحل میں ہے جو کہ ہم چیئرمین صاحبان کے فنڈز سے منظور ہوئی ہے گزارش ہے کہ ایک میکنزم کے تحت ان دوکان اور آفس کو اوران کی طریقہ کار کو چیئرمین صاحبان کی منظوری کے بعد عمل میں لائی جائے نہ کہ سیاسی یا دیگر بابت ان کی تقسیم ہو، ڈسٹرکٹ کونسل کیچ میں زراعت کے شعبے میں 10 عدد ٹریکٹر موجود ہیں ان ٹریکٹروں کے متعلق چیئرمین صاحبان کو آگاہ کیا جائے کہ یہ ٹریکٹر کس کس کے پاس اور کس حالت میں ہیں اور ان کے متعلق آئندہ بھی ایک طریقہ کار انجام دی جائے تاکہ ڈسٹرکٹ کیچ کے تمام چیئرمینوں کو اپنے اپنے علاقوں میں زراعت کے شعبے میں اپنے یونین کونسل کے کسان اور زمینداروں کی خدمت کا بھی موقع ملے۔

# بلوچستان میں آج سے 30 اپریل تک ہیٹ ویو کا الرٹ جاری

### یکم مئی تک دن کے وقت درجہ حرارت معمول سے پانچ سے سات سینٹی گریڈ زیادہ رہنے کا امکان

کوئٹہ (خ ن) محکمہ موسمیات بلوچستان نے 26 اپریل سے 30 اپریل تک ہیٹ ویو سے خبردار کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق گرمی کی شدت اوپر پہنچنے کا امکان ہے اور 27 اپریل کو ملک کے بیشتر حصوں کو اپنی لپیٹ میں لے سکتا ہے۔ اس دوران بلوچستان کے جنوبی حصے میں 26 اپریل سے

بقیہ نمبر 56 صفحہ 5 پر

یکم مئی تک دن کے وقت کا درجہ حرارت معمول سے 05 سے 07 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ ہیٹ ویو جیسے حالات کے پیش نظر عام لوگوں بالخصوص بچوں، خواتین اور بزرگ شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی سختی سے تلقین کی گئی ہے۔ عوام الناس مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ دن کے وقت براہ راست سورج کی روشنی سے بچیں اور زیادہ سے زیادہ پانی پیئں کاشتکاروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ گندم کی کٹائی کو پیشین گوئی شدہ موسمی حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے اور اپنی اور مویشیوں کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔ عوام الناس سے پانی کے معقول استعمال کی درخواست کی جاتی ہے۔ عوام دھوپ میں باہر جانے سے گریز کریں، خاص طور پر صبح 11:00 سے شام 5:00 کے درمیان۔ کھانے کی اشیاء کے استعمال سے پرہیز کریں جو جسم کو پانی کی کمی کا باعث بنیں۔ برفیلے ٹھنڈے مشروبات نہ پیئیں۔

# سائرہ عطاء سے نیشنل ہائی وے اینڈ موٹر وے پولیس کے وفد کی ملاقات

### روڈ سیفٹی آگاہی سیمینار خاص طور پر خواتین کیلئے اہم ہے، وفد سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) سیکریٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سائرہ عطاء سے نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹر ویز پولیس (NH&MP) کے وفد نے ملاقات کی۔ روڈ سیفٹی آفیسرز نے مئی 2025 کے دوسرے ہفتے میں تمام وومن ڈویلپمنٹ سٹاف کے ساتھ روڈ سیفٹی آگاہی سیمینار پر تبادلہ خیال کیا۔ سیکرٹری وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سائرہ عطا نے ملاقات کے دوران اس بات پر زور دیا کہ روڈ سیفٹی آگاہی سیمینار خاص طور پر خواتین کے لئے اہم ہیں اور NH&MP آفیسرز کی کوششوں کی حوصلہ افزائی کی اور خواتین کے لیے

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

تیار کردہ پروگرام برائے روڈ سیفٹی کو فروغ دینے اور خواتین کی ترقی کے لئے ایسے اقدامات کو عملی جامہ پہنائیں۔ ملاقات کے اختتام پر محکمہ ترقی نسواں بلوچستان کوئٹہ کے سیکرٹری اور دیگر عملے کو NHMP کی طرف سے تحائف پیش کیے گئے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 26 APR 2025 Page No. 15

# ملکی خودمختاری اور دفاع وطن پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا، نہ کرینگے، جمعیت

## قومی سلامتی کمیٹی کے حالیہ فیصلے قومی جذبات کے ترجمان، ان کی ہم مکمل اور غیر مشروط تائید کرتے ہیں، مولانا واسع

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علما اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ قومی غیرت، ملکی خودمختاری اور دفاعِ وطن کے تقاضوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ ماضی میں قبول کیا، نہ آج کریں گے، نہ آئندہ کریں گے۔ جمعیت علما اسلام واضح الفاظ میں اعلان کرتی ہے کہ قومی سلامتی کمیٹی کے حالیہ فیصلے بروقت، جرات مندانہ اور قومی جذبات کے عین ترجمان ہیں، جن کی ہم مکمل اور غیر مشروط تائید کرتے ہیں۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ ان فیصلوں نے پوری قوم کے دل میں اطمینان پیدا کیا ہے اور افواجِ پاکستان کے حوصلے کو نئی توانائی عطا کی ہے۔ دشمن کو یہ پیغام واضح طور پر جان لینا چاہیے کہ پاکستان اب کسی بھی اندرونی یا بیرونی سازش کے سامنے سر جھکانے والا ملک نہیں رہا۔ پوری قوم، افواج پاکستان کے شانہ بشانہ، ہر محاذ پر سینہ سپر ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے الزام تراشی، جھوٹے پراپیگنڈے اور اشتعال انگیزی کی روش ناقابل برداشت ہے۔ دنیا گواہ ہے کہ بھارت اپنی ناکام خارجہ پالیسی، اندرونی خلفشار اور سیکورٹی کی نالائقی کو چھپانے کے لیے پاکستان کو ہدف بنا رہا ہے۔ مولانا نے دوٹوک انداز میں کہا کہ بھارت کا یہ جارحانہ رویہ اگر جاری رہا تو پاکستان کی غیرت مند قوم اور بہادر فوج منہ توڑ جواب دینے کی پوری صلاحیت رکھتی ہے۔ مزید براں انھوں نے کہا کہ یہ ملک کلمہ طیبہ کی بنیاد پر حاصل کیا گیا ہے، اور اس کی حفاظت ہم پر دینی، ملی اور قومی فرض ہے۔ مولانا نے کہا کہ اب وقت آ چکا ہے کہ پاکستان دشمن عناصر کو واضح پیغام دیا جائے کہ یہ قوم بزدل نہیں، مدافع ہے، وارثِ بدر وحنین ہے، اور اپنے خون سے وطن کے چپے چپے کی حفاظت کرنا جانتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی سلامتی کمیٹی کا موقف پوری قوم کے دل کی آواز ہے، اور جمعیت علما اسلام پاکستان ہر اس فیصلہ کن پالیسی کے ساتھ کھڑی ہے جو پاکستان کی خودداری، سالمیت اور داخلی استحکام کی ضامن ہو۔

# انسداد پولیو مہم میں شہریوں کی عزت نفس کا خیال رکھا جائے، جمعیت

## پولیو مہم کے نام پر معزز اور باکردار شہریوں کو تنگ کرنا، گھروں میں بلا اجازت داخل ہونا قابل [illegible]ت ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی مولانا سعید احمد مولانا مفتی عبدالباقی بڑیچ ودیگر نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پولیو ٹیموں کی جانب سے شریف شہریوں کو خاص طور پر سریاب کے مختلف علاقوں میں بلاجواز تنگ کرنے کی مذمت کی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پولیو مہم کے نام پر معزز اور باکردار شہریوں کو جس انداز میں تنگ کیا جا رہا ہے اور ان کے گھروں میں بلا اجازت داخل ہو کر خواتین کی تذلیل اور ہراساں کیا جا رہا ہے، یہ کسی بھی صورت میں قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ایک اہم قومی فریضہ ہے، اس کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں، لیکن اس مہم کو چلانے کا یہ طریقہ کار انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ کسی بھی مہذب معاشرے میں اس طرح کی بے تمیزی اور شہریوں کی تذلیل کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ بیان میں حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس صورتحال کا فوری نوٹس لیں اور پولیو ٹیموں کے اس غیر اخلاقی رویے کو بند کروائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پولیو مہم کے لیے ایک باعزت اور شائستہ طریقہ کار وضع کیا جائے جس میں شہریوں کی عزت نفس کا مکمل خیال رکھا جائے۔

# بارڈر بندش سے ہزاروں افراد بیروزگار ہونگے، ڈاکٹر عبدالمالک

## پانی کا مسئلہ مخصوص علاقے کا نہیں قومی سطح کا بحران بن چکا، رہنما نیشنل پارٹی کی مختلف وفود سے گفتگو

تربت (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے پاکستان مسلم لیگ (ن) تربت کے رہنما میر عطاء اللہ محمد زئی نے ملاقات کی، ملاقات میں علاقائی صورتحال، بارڈر بندش اور اہم عوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، ڈاکٹر

(بقیہ صفحہ 6 نمبر 48)

عبدالمالک نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بارڈر ٹریڈ سے ہزاروں افراد کا براہ راست روزگار وابستہ ہے، پابندی سے ہزاروں خاندان نان شبینہ کے محتاج ہوجائیں گے، نیشنل پارٹی عوام کے مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لئے عملی کردار ادا کرے گی اس موقع پر سابق ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان ناظم الدین ایڈووکیٹ، صوبائی سوشل میڈیا سیکرٹری حفیظ علی بخش، قاسم گاجیزئی ایڈووکیٹ، ضلعی رابطہ سیکرٹری محمد حیات، مظفر بلوچ، حیدر بلوچ، نعیم عادل، گلزار کریم اور داد جان بھی موجود تھے۔ دریں اثناء ڈاکٹر عبدالمالک سے کیچ کے دیہات سے تعلق رکھنے والے نمائندہ وفد نے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی، سابق وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پانی کا مسئلہ اب صرف دیہات یا کسی ایک مخصوص علاقے تک محدود نہیں رہا بلکہ یہ ایک صوبائی اور قومی سطح کا بحران بن چکا ہے، بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں زیر زمین پانی کی سطح تیزی سے نیچے جا رہی ہے جو ناقص منصوبہ بندی، بارشوں کی کمی، ماحولیاتی تبدیلی اور حکومتی عدم توجہی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری پارٹی نے ہمیشہ عوامی مسائل کو ترجیح دی اور آئندہ بھی ایسے مسائل کو سیاسی وسماجی سطح پر اجاگر کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔

# نواں کلی میں چوری و رہزنی کی وارداتیں معمول بن گئیں، اے این پی

## صوبائی کونسل کے ممبر بہادر بازئی سے چھینی گئی گاڑی ونقدی برآمد اور ملزمان کو گرفتار کیا جائے، بیان

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں امن وامان کی گمبھیر صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پارٹی کے صوبائی کونسل ممبر بہادر خان بازئی سے نواں کلی بائی پاس پر گن پوائنٹ پر گاڑی اور نقدی چھیننا قابل مذمت بلکہ قابل گرفت ہے، نواں کلی سرہ غوڑگئی ترین شہر زرغون ہاؤسنگ سکیم اور قرب وجوار میں آئے روز چوری ڈکیتی ورہزنی کی وارداتیں معمول بن چکی ہیں، شریف النفس شہری جرائم دسماج دشمن عناصر کے رحم وکرم پر ہیں۔ مسلح جتھے سرشام بائی پاس اور گلیوں میں وارداتیں کرتے ہیں، موبائل موٹر سائیکل نقدی حتیٰ کہ گاڑیاں تک چھینی جا رہی ہیں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا کہ بہادر خان بازئی کیساتھ رونما ہونیوالے واقعہ میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے چھینی گئی گاڑی اور نقدی برآمد کی جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 26 APR 2025 Page No. 16

# افغان کڈوال عوام کی زبردستی بیدخلی بند کی جائے، پشتونخوامیپ

## راتوں رات افغان کڈوال عوام کی بے دخلی کا فیصلہ نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے بلکہ قابل مذمت اقدام بھی ہے

## اقوام متحدہ سمیت تمام جمہوری ممالک کو افغان کڈوال کی موجودہ حالت زار کا نوٹس لینا چاہئے، 40سال سے یہاں کی آباد عوام کو شہریت کا حق حاصل ہے

لورالائی (آئی این پی) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے زیر اہتمام افغان کڈوال عوام کی زبردستی بیدخلی، 26ویں آئینی ترمیم، مائنز ومنرل بل کیخلاف سرکاری باغ سے ایک عظیم الشان احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ ریلی کے شرکاء نے شہر کے مختلف شاہراہوں پر گشت کیا اور آخر میں پشتونستان چوک پر جلسے میں تبدیل ہوئی۔ جلسہ کی صدارت پشتونخوامیپ کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری دوست محمد لونی نے کی۔ جلسے سے پشتونخوامیپ کے ضلع سیکرٹری صفدر خان مینتر وال بقیہ نمبر8 صفحہ 7 پر

رضا محمد رضا ناصر، پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی صدر نقیب اللہ خان کاکڑ، امین اللہ ناصر، بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلع صدر ہاشم خان اتمانخیل، ولی محمد، درمان لونی، امین اللہ ناصر نے خطاب کیا۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ افغان کڈوال عوام کی زبردستی بیدخلی، ہتک آمیز رویہ اوران کی بے احترامی کے حکومتی ناروا اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ افغانستان میں مسلط چالیس سالہ جنگ کے نتیجے میں افغان کڈوال عوام کو ہجرت پر مجبور کر کے یہاں آباد کیا گیا اور پھر ان کے سروں پر لاکھوں، کروڑوں ڈالرز امداد حکومت وصول کرتی رہی۔ آج امداد کی بندش کے باعث بہ یک جنبش قلم راتوں رات افغان کڈوال عوام کی بیدخلی کا فیصلہ نہ صرف بین القوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے بلکہ اقوام متحدہ سمیت دنیا کے تمام سیاسی جمہوری ممالک کو افغان کڈوال کی موجودہ حالت زار کا نوٹس لینا چاہیے اور بالخصوص اُن ممالک کو جنہوں نے کسی نہ کسی بہانے سے اپنی طاقت آزمائی کیلئے افغانستان جیسے پرامن وطن پر دنیا جہاں کی بمباری کی اور قتل وغارت، ہزاروں لوگوں کو شہید وزخمی کرنے، انہیں معذور بنانے، انکے گھروں، بازاروں، مارکیٹوں، تعلیمی اداروں کو مسمار کرتے ہوئے تمام انفراسٹرکچر کو تباہی سے دوچار کیا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں مہاجرین کیلئے جو قوانین ہیں وہی قوانین اس ملک میں بھی ہونے چاہیے، یہاں چالیس سے یہاں آباد افغان کڈوال عوام کو شہریت کا حق حاصل ہے۔

# مرکزی انجمن تاجران نے آج کی ہڑتال کی حمایت کردی

## تاجر برادری سے اپیل ہے کہ وہ غزہ کے مسلمانوں سے یکجہتی کیلئے ہڑتال کو کامیاب بنائیں

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ نے جماعت اسلامی کی کال پر 26 اپریل کو غزہ کے مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کے خلاف ملک گیر ہڑتال کی حمایت کی ہے۔ انجمن کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، سعد اللہ اچکزئی بقیہ نمبر18 صفحہ 7 پر

اور دیگر رہنماں نے ہڑتال کا اعلان کرتے ہوئے تاجر برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ 26 اپریل کو اپنے کاروبار اور دکانیں بند رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ہڑتال کے ذریعے غزہ کے مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کیا جائے گا اور دنیا کو فلسطینیوں پر ہونے والے مظالم سے آگاہی دی جائے گی۔ مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ نے کہا کہ تاجر برادری اس ہڑتال میں بھرپور شرکت کر کے غزہ کے مسلمانوں کے غم میں برابر کے شریک ہو۔

# بلوچستان میں جبری گمشدگیوں کا سلسلہ جاری ہے، نصر اللہ بلوچ

## وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے قائم احتجاجی کیمپ کو 5809 دن مکمل ہوگئے

کوئٹہ (یو این اے) وائس فار بلوچ مسنگ پرسن کے چیئرمین نصر اللہ بلوچ نے سماجی رابطے کے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ تنظیمی سطح پر ہم گزشتہ 16 سالوں سے جبری گمشدگیوں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خلاف پرامن اور آئینی طریقے سے جدوجہد کرتے آرہے ہیں، لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ریاستی ادارے اب بھی ملکی سلامتی کے نام پر جبری گمشدگیوں بقیہ نمبر36 صفحہ 7 پر

اور لاپتہ افراد کی ماورائے قتل کے سلسلے کو تسلسل سے جاری رکھے ہوئے ہیں انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں جبری گمشدگیوں کے خلاف کوئٹہ پریس کلب کے سامنے وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے قائم احتجاجی کیمپ کو 5809 دن مکمل ہوگئے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 26 APR 2025 Page No. 17


## خیبرپختونخوا اور بلوچستان کے معدنی وسائل کی لوٹ مار قبول نہیں، سیاسی پارٹیاں

**معدنیات پر 100 فیصد صوبوں کا حق منرل انویسٹمنٹ فورم کے فیصلے غیر آئینی ہیں، مسلم باغ میں احتجاجی ریلی جلسہ**

مسلم باغ (آن لائن) سیاسی جمہوری پارٹیوں کے رواں احتجاجی تحریک کے سلسلے میں مسلم باغ میں جلسہ عام این ڈی ایم کے صوبائی صدر احمد جان خان کی زیر صدارت منعقد ہوا جلسہ عام سے این ڈی ایم کے صوبائی صدر احمد جان خان، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، عوامی نیشنل پارٹی کے قائمقام صوبائی صدر جمال الدین رشتیا، پی ٹی ایم کے کور کمیٹی کے رکن ملک مجید کاکڑ، پشتونخوانیپ کے صوبائی سینئر نائب صدر چیئرمین اللہ نور خان، عوامی نیشنل پارٹی کے حاجی محمد خان کاکڑ اور فتح خان نے خطاب کیا جبکہ اس سے قبل بازار میں ایک بڑا احتجاجی جلوس نکالا گیا جو مختلف شاہراہوں پر گشت کے بعد جلسہ ہوا۔ مقررین نے اسلام آباد میں ہونے والے منرل انویسٹمنٹ فورم کے غیر آئینی اور غیر قانونی اجلاس کو یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا کہ آئین کی رو سے معدنیات پر 100 فیصد صوبوں کا حق تسلیم کیا گیا ہے۔ اب SIFC خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے معدنی وسائل کی لوٹ مار کسی صورت قابل قبول نہیں۔ اسی تناظر میں خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے معدنیات سے متعلق غیر آئینی بل اسمبلی میں پیش کرنا اور بلوچستان اسمبلی سے 21 مارچ کو مائنز و منرل بل 2025 کا پاس ہونا پشتون و بلوچ عوام کے مستقبل کو فروخت کرنے کے مترادف قرار دیا گیا۔ 9 سالہ معصوم مصور خان کاکڑ کی پانچ ماہ سے زائد عرصے سے عدم بازیابی پر شدید ردعمل دیتے ہوئے اسے صوبائی حکومت اور امن و امان کے اداروں کی ناکامی قرار دیا گیا۔ پی ٹی ایم کے رہنما علی وزیر، خیبر جرگہ کے میزبان ملک نصیر خان کوکی خیل، صمد لالا و دیگر کی تاحال عدم بازیابی، پی ٹی ایم پر پابندی اور اس کے سینکڑوں رہنماؤں و کارکنوں کو شیڈول فورتھ میں شامل کرنے کی مذمت کی اور رہائی کا مطالبہ کیا گیا۔ اس بات پر افسوس کا اظہار کیا گیا کہ اکتوبر 2023 سے چمن میں ہزاروں افراد دھرنا دیئے بیٹھے ہیں لیکن حکومت نے ان کے جائز مطالبات پر کوئی خاطر خواہ اقدام نہیں کیا۔ ڈیورنڈ لائن پر چمن تا باجوڑ تمام راستوں پر ماضی کی طرح آمد و رفت کو آزاد رکھنے اور پاسپورٹ کی شرط مکمل طور پر ختم کرنے کا بھی مطالبہ کیا گیا۔ مقررین نے مسلم باغ میں چوری، ڈکیتی، منشیات فروشی کی شدید مذمت، مسلم باغ کے سول ہسپتال کو ڈی ایچ کیو کا درجہ دے کر اسے مکمل طور پر فعال بنانے کا بھی مطالبہ کیا۔

## قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے پوری قوم ایک زبان ہے، لیاقت بلوچ

**حکومت فوج اور سکیورٹی ادارے عوام میں کامل یکسوئی کیساتھ اعتماد کی بحالی کے لیے ہر ممکن فوری اقدامات کریں**

کوئٹہ (پ ر) نائب امیر جماعتِ اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ سے کوئٹہ میں بی این پی اور نیشنل پارٹی کے مرکزی اور صوبائی قائدین نے ملاقات کی۔ لیاقت بلوچ نے جماعتِ اسلامی کی صوبائی سیاسی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کیا، اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمن، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹریز مولانا عبدالحق ہاشمی، سید فراست شاہ، صوبائی نائب امیر زاہد اختر بلوچ اور ایم پی اے انجینئر عبدالمجید بادینی موجود تھے۔ کوئٹہ پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو صدر پریس کلب کے دفتر میں مبارکباد دی۔ اِس موقع پر لیاقت بلوچ نے کہا کہ آزادی کے تحفظ کے لیے پوری قوم متحد ہے۔ ملک دشمن بھارت کے اوچھے فسطائی ہتھکنڈوں کے مقابلہ میں پاکستانی ملت سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہے۔ اختلافات، حکومت اور فورسز کے سیاسی کردار سے متعلق اختلافی آراء حقیقت، لیکن قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے پوری قوم یک زبان ہے اور پوری قوم کی ایک ہی ترجیح اتحاد و اتفاق کی طاقت کیساتھ پاکستان کی حفاظت ہے۔ پارلیمانی قومی سلامتی کمیٹی کے اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ اِسی طرح حکومت فوج اور تمام سکیورٹی ادارے عوام میں کامل یکسوئی کیساتھ اعتماد کی بحالی کے لیے ہر ممکن فوری اقدامات کریں۔ یہ اہم موقع ہے کہ حکومت قومی کانفرنس بلائے اور تمام زیرِ التواء ایشوز کے حل کے ساتھ بھارتی جارحیت کے مقابلہ کے لیے قومی اتفاقِ رائے پیدا کیا جائے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ 26 اپریل کی ہڑتال اسرائیل اور ہندوستان کی جارحیت، جنگی جرائم اور فسطائیت و نسل کشی کے خلاف زبردست مظاہرہ ہوگا۔ ملک گیر مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال ثابت کردے گی کہ پاکستان کے عوام عالمِ اسلام کے اتحاد اور ملک دشمنوں کے خلاف ہر اقدام کے لیے متحد اور یک جان ہے۔ لیاقت بلوچ نے بلوچستان کے قائدین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام محب وطن ہیں، حکومت اور ریاست زبردستی اور آئین و قانون سے ماورا اندھی طاقت کے استعمال سے عوام اور نوجوانوں میں نفرتیں پیدا نہ کریں۔

# مارگٹ: دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے 4 سیکورٹی اہلکار شہید، 3 زخمی

**واقعہ مارواڑ میں پیش آیا، اہلکار معمول کے گشت پر تھے، شہید و زخمی ہسپتال منتقل، فورسز کا علاقے کو گھیرے میں لیکر سرچ آپریشن**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مارگٹ میں فورسز کی گاڑی کے قریب بم دھماکے میں چار اہلکار شہید اور تین زخمی ہوگئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق کوئٹہ سے 40 کلومیٹر دور مارگٹ کے علاقے مارواڑ میں جمعہ کو سیکورٹی فورسز کے اہلکار گاڑی میں معمول کی گشت کررہے تھے کہ اس دوران نامعلوم افراد کی جانب سے زیر زمین نصب دھماکہ خیز مواد زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں چار اہلکار صوبیدار شہزاد امین، نائب صوبیدار عباس سپاہی خلیل اور سپاہی زاہد شہید جبکہ لانس نائیک ظفر، لانس نائیک فاروق اور سپاہی خرم سلیم زخمی ہوگئے، اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا جبکہ فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن کا آغاز کردیا ہے۔

## کوئٹہ: منشیات فروشوں میں فائرنگ کا تبادلہ، دو افراد ہلاک

**تصادم لین دین کے تنازع پر ہوا، لاشیں شناخت کیلئے ہسپتال منتقل کردیں: پولیس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سٹی نالے میں منشیات فروشوں کے دو گروپوں میں فائرنگ کے تبادلے میں دو منشیات فروش ہلاک ہوگئے پولیس کی بھری نفری نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو ہسپتال پہنچایا پولیس کے مطابق تصادم لین دین کے تنازع پر ہوا لاشوں کو شناخت کیلئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا ہے جبکہ ملزمان کی گرفتاری کیلئے کارروائی کی جارہی ہے۔

## کلی ابراہیم زئی میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کلی ابراہیم زئی قبرستان میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق ہو گیا پولیس کے مطابق سریاب کے علاقے مینگل اباد کا رہائشی صام الدین ولد خالق داد گزشتہ روز کلی ابراہیم زئی بروری کے قبرستان میں اپنے عزیز کی قبر پر فاتحہ کررہا تھا کہ اسی دوران دو نامعلوم افراد اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش ہسپتال پہنچائی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی گئی پولیس نے بتایا کہ واقعہ دشمنی کے باعث پیش ایا۔

## پٹ فیڈر کینال کی بھل صفائی کا کام کرنیوالی ہیوی مشینری پر فائرنگ

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) محبت پور کے علاقے نامعلوم افراد نے پٹ فیڈر کینال کی بھل صفائی کا کام کرنے والی ہیوی مشینری پر فائرنگ کر دی۔ فائرنگ سے مشینری کو شدید نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

## اوستہ محمد میں موٹر سائیکل چھین لی گئی، مزاحمت کرنے پر مالک زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) اوستہ محمد کے علاقے پولیس تھانہ گنداخہ کی حدود میں ڈاکوؤں نے ایک شخص سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی اور مذاحمت کرنے پر اسے شدید زخمی کر کے موٹر سائیکل اور دیگر سامان لیکر فرار ہوگئے واقع کے بعد پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کرلی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 26 APR 2025 Page No. 2

# کوئٹہ کا ادبی منظر نامہ علامہ اقبال صوبائی ایوارڈز کی تقریب

**رپورٹ * شیخ فرید**

ادبی کو میہ جو گزشتہ کئی عشروں سے گوناگوں کیفیات سے دوچار رہی اور تمام علمی، ادبی، ثقافتی اور سماجی سرگرمیاں محدود ہو کر رہ گئی تھیں، اب الحمد اللہ کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے کے مصداق تمام سرگرمیاں بحال ہو چکی ہیں۔ اور دبستان ادب بلوچستان کے ادبی رنگوں سے بھرپور آغاز ہوا ہے۔

قارئین کرام ادب کے معنی گل و بلبل کی شاعری، لیلیٰ و مجنوں کی داستان، اور ناولوں، افسانوں اور ڈراموں کے کردار ہی نہیں ہوتے بلکہ یہ جیتے جاگتے آدمیوں کے باہمی تعلقات کی علامتیں ہوتی ہیں۔ اگر آدمی زندہ ہے تو پھولوں کی خوشبو اور بلبل کے زمزموں سے حظ اٹھائے گا۔ ادب زندگی سے عبارت ہے اور زندہ ادب ہی زندہ معاشرے کے زندہ اہلِ قلم کی نمائندگی کرتا ہے۔ ادب اور ادیب کو زندہ رکھنے کیلیے ادب کا فروغ اور ادیب کی پذیرائی کا تقاضا ہے کہ اہلِ قلم کی ادبی صلاحیتوں کو سراہا جائے۔ اسی لیئے ادارہ نظامت ثقافت و سیاحت و آثارِ قدیمہ حکومتِ بلوچستان نے علامہ اقبال صوبائی ادبی ایوارڈز 2025 کی ایک پروقار تقریب نوری نصیر خان کلچرل کمپلیکس اسپنی روڈ منعقد کی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک اور حمد و نعت سے ہوا۔ علامہ اقبال صوبائی ادبی ایوارڈز کی تقریب میں معروف سیاسی رہنما رحمت بلوچ، سابقہ بیوروکریٹ عبدالکریم بریالی، سرور جاوید، اکادمی ادبیات کوئٹہ ڈائریکٹر ڈاکٹر قیوم بیدار، بیرم غوری اور ڈاکٹر تاج رئیسانی سمیت کئی نامور شخصیات نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی اور اپنے دستِ مبارک سے اہل قلم کو ان کی بہترین تصانیف پر ایوارڈز پیش کیے۔ علامہ اقبال ادبی ایوارڈ سال 2019 شعبہ براہوئی میں پروفیسر عارف ضیا، صابر وحید، شمس الدین شمنل، شاہین برانزئی، افضل مینگل، عبدالوحید اور اکرم ساجد کو ایوارڈ کا حقدار ٹھہرایا گیا۔ بلوچی ادب میں منیر مومن، تبسم مزاری، نثار یوسف، طاہر عبدالحکیم بلوچ، زاہدہ رئیس راجی، اصغر ظہیر، اور پروفیسر طاہرہ احساس جتک کو بہترین تصنیف پر علامہ اقبال ادبی ایوارڈ پیش کیا گیا۔

شعبہ پشتو میں ڈاکٹر عصمت درانی، ڈاکٹر عبدالرف رفیق، میر حسن خان اتل، سید۔ لیاقت علی اور بی بی شفا کو اصنافِ نثر پر ایوارڈز دیئے گئے۔ ہزارگی لسان و ادب کے حوالے سے فارسی تصنیف پر عبدالخالق اور ڈاکٹر عبدالرف رفیق کو ایوارڈز سے نوازا گیا۔ اردو ادب 2019 کیلیے جن اہلِ قلم کا ایوارڈز برائے شاعری انتخاب ہوا۔ ان کے اسمائے گرامی اس طرح ہیں ڈاکٹر عصمت اللہ درانی ) انگاروں میں پھول (پروفیسر فیصل ریحان ) تختِ سلیمان پر ( ڈاکٹر عرفان احمد بیگ ) صدائے عرفان ( شعبہ تحقیق کیلیے ڈاکٹر انعام الحق کوثر ) گورنمنٹ کالج کوئٹہ تاریخ کے آئینے میں ( محمد پناہ بلوچ ) بلوچ عورت تاریخی تناظر میں ( پروفیسر سید خورشید افروز ) بلوچستان میں نسائی ادب ( نثری اصناف پر آغا گل ) بولان کے آنسو ( اور عابدہ رحمان کو ) محبت کی گواہی ( پر ایوارڈز دیئے گئے۔ تقریب میں سال 2020 میں لکھی جانے والی بہترین کتب پر بھی علامہ اقبال ادبی ایوارڈز پیش کیئے گئے تفصیلات کے مطابق ریاض ندیم نیازی ) کن فیکون ( اسرار احمد شاکر ) آدھی ادھوری کہانیاں ( عابدہ رحمان ) جو کہا فسانہ تھا ( اور طیب محمود ) غبارِ راہ ( کیعلاوہ تحقیق کے شعبہ میں ڈاکٹر واحد بزدار اور ڈاکٹر عبدالرحمٰن براہوئی کو ایوارڈز پیش کیئے گئے۔ بلوچی میں نوید علی، صبیحہ علی بلوچ، امان اللہ گچکی، بلال عاجز، اور نثر میں ڈاکٹر فضل خالق کو ایوارڈ سے نوازا گیا۔

شعبہ براہوئی سال 2020 کیلیے پروفیسر حسین بخش ساجد، عبدالحمید، عطا اللہ، سید علی محمد ہاشمی، صلاح الدین مینگل، افضل مراد، نور خان محمد حسنی، نور محمد پرکانی، اور ڈاکٹر عنبرین مینگل کو علامہ اقبال ادبی ایوارڈ پیش کیا گیا۔ پشتو ادب 2020 کیلیے برملا خان، مولوی رحمت اللہ مندوخیل، ڈاکٹر لیاقت تاباں اور محمد نعیم کے علاوہ رحمت بی بی کو ایوارڈز کیلیے مستحق قرار دیا گیا۔ یاد رہے ڈاکٹر انعام الحق کوثر کا ایوارڈ ان کے بیٹے نعیم الحق، ڈاکٹر ایم صلاح الدین مینگل جن کا انتقال اسی برس ہوا ہے مرحوم کا ایوارڈ ان کے بھائی مصلح الدین مینگل نے وصول کیا، جبکہ ڈاکٹر عبدالرف رفیق جو اقبال اکیڈمی لاہور میں ناظم اعلیٰ کے فرائض سر انجام دے رہے ہیں، ان کا ایوارڈ ان کی اہلیہ نے حاصل کیا۔ اس مرتبہ دو دو ایوارڈز پانے والوں میں ڈاکٹر لیاقت تابان، پناہ بلوچ، ڈاکٹر عرفان احمد بیگ، ڈاکٹر روف رفیق، ڈاکٹر عصمت درانی اور ریاض ندیم نیازی شامل۔ تھے۔ محکمہ نظامتِ ثقافت و سیاحت و آثارِ قدیمہ حکومتِ بلوچستان کی جانب سے اہلِ قلم کی پذیرائی اور حوصلہ افزائی یقیناً خوش آئند امر ہے۔ تاہم ہماری رائے میں ادبا و شعرا کو ایک ہی ایوارڈ کیلیے منتخب کیا جائے، جس کو کسی بھی شعبہ یا زبان میں ایوارڈ دیا جائے تو پھر کسی اور شعبہ یا اصناف میں نہ دیا جائے اسطرح زیادہ لکھاریوں کو ایوارڈز دیئجا سکتے ہیں۔ اردو سے عناد کی پالیسی کا خاتمہ کرتے ہوئے شعبہ اردو کے اہلِ قلم کی کیٹیگری کو شاعری، افسانہ، ناول، تحقیق، کالم نگاری اور سفرنامہ نگاروں کیلیے علحیدہ علحیدہ ایوارڈز رکھے جائیں اور بچوں کے ادب کو تو ہر سطح پر اولیت دی جائے۔ ادبِ اطفال میں بھی کہانی اور نظم کے شعبے کو ترجیح دی جائے۔

کاش کہ تیرے دل میں اتر جائے میری بات۔

CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 26 APR 2025 Page No.

Bullet No.



کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیر صحت بخت محمد کاکڑ شہید بینظیر بھٹو ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری وفاقی وزیر فوڈ سیکورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر سے ملاقات کر رہے ہیں